## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے
## صوبہ پنجاب کے مختلف امدادی ریلیف کیمپ کا دورہ کیا
## کارکنان وذمہ داران کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا

سیالکوٹ۔۔۔27،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ووفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے صوبہ پنجاب کے شہر جہلم اور سیالکوٹ کے علاقے سمبرایال میں ایم کیوایم کے ریلیف کیمپوں کا دورہ کیا اور سیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی زونل وڈسٹرکٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے ریلیف کیمپوں کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دکھی انسانیت کی بےلوث خدمت ایم کیوایم نصب العین ہے،متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے،جب تک ملک کے کونے کونے میں سیلاب زدہ ایک ایک فرد اپنے گھر واپس منتقل نہیں ہوجاتا ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔

## علمائے کرام،اساتذہ کرام اور جاپان کے ڈپٹی قونصلر جنرل ISOMURAاور وائس قونصل جنرل
## Esuioshi hikita کا فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ

کراچی۔۔۔27،اگست2010ء

مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، جاپان کے ڈپٹی قونصلر جنرل ISOMURAاور وائس قونصل جنرل Esuioshi hikita نے بدھ کے روز ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا اور یہاں سیلاب متاثرین کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔اس سے قبل ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری،مصطفیٰ کمال اور سیف یار خان نے علمائے کرام اور جاپانی وفد کا خیر مقدم کیا اور انہیں سیلاب زدگان کیلئے ملک بھاری میں جاری امدادی اور طبی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔علمائے کرام کے وفد میں مولانا اسد دیوبندی،علامہ جعفرالحسن تھانوی،علامہ سید اظہر حسین نقوی،مولانا محمد رفیق،مولانا قاری مصباح الحق،علامہ ظہیر عابدی،علامہ عامر عبداللہ محمدی اور مولانا محمد ناصر یامین شامل تھے۔اس موقع پر علمائے کرام اور جاپان کے قونصلر جنرل نے سیلاب زدگان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور اسے بڑا کار خیر قرار دیا۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے علمائے کرام اور جاپان کے قونصلر جنرل کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن سیلاب زدگان کیلئے نہ صرف کراچی، بلکہ اندرون سندھ اور ملک بھر میں عوام کے تعاون سے بھرپور خدمات انجام دے رہا ہے اور اب تک کروڑوں روپے مالیت کا امدادی سامان اور ادویات متاثرین سیلاب تک پہنچائی جاچکی ہے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے مزید کہا کہ سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایم کیوایم کا ہر شعبہ فعال کردار ادا کررہا ہے اور اس کے عملی کردار کو ہر مکتب فکر کی جانب سے سراہا جارہا ہے۔دریں اثناء سندھ ٹیچر فورم کے ایک وفد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر سیلاب زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ایک ٹرک،سوزوکی اور گاڑی پر مشتمل امدادی سامان جمع کرایا۔اس امدادی سامان کو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری،مصطفیٰ کمال اور سیف یار خان نے وصول کیا اور سندھ ٹیچر فورم کے جذبے کی تعریف کی۔سندھ ٹیچر فورم کے وفد میں پروفیسر ڈاکٹر فہیم الدین،پروفیسر ڈاکٹر ناصر خان،پروفیسر ڈاکٹر نسرین،اسلم شاہ اور عدیل احمد صدیقی شامل تھے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری نے کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر سے مزید ٹرک امدادی سامان اور ادویات لیکر سکھر بیس کیمپ روانہ ہوگئے جہاں سے یہ امدادی سامان شکار پور اور کشمور کے متاثرین اور فیلڈ اسپتالوں میں تقسیم کردیا جائے گا۔امدادی سامان میں غذائی اجناس آٹا،چاول،دالیں،شکر،گھی،تیل،پینے کا صاف پانی،کپڑے اور ادویات وغیرہ شامل ہیں۔

## میٹکو رائس کمپنی کے مینیجنگ ڈائریکٹر جاوید علی غوری کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کا دورہ

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور سید مصطفیٰ کمال سے ملاقات

## کمپنی کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان اور طبی ادویات جمع کروائیں

کراچی۔۔۔27، اگست 2010ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور سید مصطفیٰ کمال سے میٹکو رائس کمپنی کے مینیجنگ ڈائریکٹر جاوید علی غوری نے ملاقات کی اور اپنی کمپنی کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں چار سو اسٹیپچز سوئیٹس، رائس بیگ دو ہزار، آٹے کے پانچ سو بیگز کے علاوہ طبی ادویات کے 18 کارٹن جن میں جلدی امراض، پیٹ اور گیسٹرو سے بچاؤ کی دیگر ادویات شامل ہیں جمع کروائیں۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور سید مصطفیٰ کمال نے میٹکو رائس کمپنی کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے عطیہ کی گئی ادویات اور غذائی اجناس کو وصول کیا اور جاوید علی غوری کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے انہیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں سے آگاہ کیا اور بتایا کہ ایم کیوایم کے کارکنان و ذمہ داران قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر دن رات امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔

## برطانیہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے سوسائٹی فور ناویل اینڈ نیڈی (SUN) کے تحت پاکستان میں سیلاب زدہ عوام کی امداد کیلئے کیمپ قائم

## سن کی جانب سے امدادی سامان کی پہلے ہی پی آئی اے کارگو سے کراچی روانہ کیا جاچکا ہے

## برطانیہ عوام اور پاکستانی عوام سیلاب زدگان کی مدد کیلئے زیادہ سے زیادہ عطیات جمع کروائیں، طارق میر کی اپیل

لندن۔۔۔27 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر ایم کیوایم یوکے کے کارکنان اور فلاحی ادارہ سوسائٹی فور ناویل اینڈ نیڈی (SUN) کے تحت بھی پاکستان میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے باقاعدہ قائم کردیا گیا ہے جہاں برطانوی شہری اور برطانیہ میں موجود پاکستانیوں کی جانب سے بھاری مقدار میں امدادی سامان جمع کروایا جارہا ہے جبکہ سن کی جانب سے لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان گزشتہ روز پی آئی اے کے ذریعے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے پہلے ہی کراچی روانہ کیا جاچکا ہے۔ امدادی سامان میں غذائی اجناس، ادویات اور کپڑے شامل ہیں جو پی آئی اے کارگو کے ذریعے کراچی پہنچ رہا ہے، برطانیہ میں سن کی جانب سے لگائے امدادی کیمپ پر برطانیہ میں مقیم پاکستانی اور برطانوی شہریوں کی جانب سے بھاری مقدار میں امدادی اشیاء، غذائی اجناس، ادویات اور نقد عطیات جمع کروائے جارہے ہیں اس سلسلے میں سن ریلیف کیمپ پر عوام کا زبردست رش ہے کیمپ پر سیلاب زدہ علاقوں میں متاثرین کی حالت زار اور ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاونڈیشن کے تحت جاری امدادی سرگرمیوں پر مبنی ویڈیو فلم بھی دیکھائی جارہی ہے جس میں عوام گہری دلچسپی ظاہر کررہے ہیں اور عطیات و دیگر امدادی سامان جمع کروارہے ہیں۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و سن کے سید طارق میر نے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سیلاب زدگان کی مدد کیلئے نقد عطیات، ادویات، پینے کا صاف پانی اور غذائی اجناس جمع کرائیں۔ اس سلسلے میں SUN کے فون نمبر 0208-89599803 یا ایم کیوایم یوکے کے آفس پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر، یوسف شاہوانی اور اشفاق منگی نے اندرون سندھ کے مختلف اضلاع میں سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ،

## متاثرین میں اب تک 22 کروڑ روپے سے زائد کی امداد تقسیم کی جاچکی ہے

سکھر۔۔۔27، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد اور یوسف شاہوانی نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے ماضی کی روایات کو قائم رکھتے ہوئے سب سے پہلے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے متاثرہ علاقوں میں جاکر متاثرین کی مدد کی اور آج بھی اس کے ذمہ داران وکارکنان متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق خدا سب سے بڑی عبادت ہے اور قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ منتخب نمائندوں اور ذمہ اران وکارکنان خلق خدا کی بے لوث خدمت کا درس دیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے وژن پر عمل پیرا ہوکر خدمت خلق فاؤنڈیشن سیلاب زدگان کو اب تک 22 کروڑ روپے سے زائد کی امداد باہم پہنچا چکی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکھر میں ایم کیوایم کے فیلڈ اسپتال کے دورے کے دوران کیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے فیلڈ اسپتال میں مریضوں کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا بغور جائزہ لیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اسپتال میں زیر علاج مریضوں سے فرداً فرداً ملاقات بھی کی اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی جبکہ کشمور میں قائم ایم کیوایم کے فیلڈ اسپتال میں مریضوں کا زبردست رش رہا اور سینکڑوں خواتین، بچوں، بزرگوں اور نوجوانوں نے اسپتال پہنچ کر ایم کیوایم کی طبّی سہولیات سے استعفادہ کیا۔فیلڈ اسپتال میں آنے والے مریضوں میں ایم کیوایم کی جانب سے ادویات اور غذائی اجناس کے تھیلے بھی تقسیم کیے گئے۔اس قبل رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر صغیر نے خیرپور میں امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور اس دوران انہوں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم ہونیوالے میڈیکل فیلڈ کیمپ اور سٹی اسپتال کا دورہ بھی کیا اور وہاں پر مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات کے کام کا جائزہ بھی لیا اس موقع پر خیرپور زون کے ذمہ داران وکارکنان سمیت ڈی اسی او عباس بلوچ انکے ہمراہ تھے۔دریں اثناء آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیر طاہر کھوکھر نے ایم کیوایم آزاد کشمیر کے تحت آزاد کشمیر کے مختلف بازاروں اور مارکیٹوں میں جھولی پھیلا کر عطیات جمع کیے۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بھی تھے۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے سکھر ریلیف بیس کیمپ سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان ٹرک کے ذریعے قمبر شہدادکوٹ روانہ کیا۔اس موقع پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، سکھر زونل کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ اران وکارکنان بھی موجود تھے۔امدادی سامان وغذائی اجناس میں آٹا، دالیں، چینی، چاول، خشک دودھ بسکٹ، پینے کا صاف پانی، پاپے، مصالحہ جات، ، نمک، ماچس، نہانے کا صابن، ادویات اور دیگر اشیاء شامل ہیں۔

## ڈیرہ غازی خان میں ایم کیوایم کے مرکزی امدادی کیمپ میں نجی ٹیلی ویژن کی جانب سے ایک ٹرک پر مشتمل امدادی سامان عطیہ کیا گیا

## ایم کیوایم کے مرکزی امدادی کیمپ سے سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں اور امدادی سامان کی تقسیم جاری ہے

ملتان۔۔۔27، اگست 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ڈیرہ غازی خان میں سیلاب زدگان کیلئے لگائے گے امدادی کیمپ میں سرگرمیاں جاری ہیں۔ جمعہ کے روز ایک نجی ٹیلی ویژن کی جانب سے ڈیرہ غازی خان میں لگائے گئے ایم کیوایم کے مرکزی امدادی کیمپ پر سیلاب زدگان کیلئے ایک ٹرک پر مشتمل امدادی سامان عطیہ کیا گیا جسے ایم کیوایم ملتان کے زونل انچارج کرامت علی شیخ نے وصول کیا۔واضح رہے کہ ڈیرہ غازی میں لگائے گئے مرکزی امدادی کیمپ سے سیلاب متاثرین میں امدادی سامان کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے جس سے روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں متاثرین مستفید ہو رہے ہیں۔

## سیاست برائے خدمت ایم کیو ایم کا نصیب العین ہے، افتخار اکبر رندھاوا

## ملتان میں پریس کانفرنس سے خطاب

ملتان۔۔۔27 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ سیلاب سے متاثرہ عوام کی بھرپور مدد کررہی ہے اور جب تک ایک ایک سیلاب زدہ شخص اپنے گھر واپس نہیں چلا جاتا ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیاں جاری رہینگی ،ایم کیو ایم نے ملک بھر میں 220 سے مقامات پر ریلیف کیمپ قائم کئے ہیں جبکہ سیلاب متاثرین میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے 22 کروڑ روپے کی امدادی سامان ،غذائی اجناس ،ادویات وغیرہ تقسیم کی جاچکی ہے جبکہ پنجاب کے متاثرین کیلئے کروڑ روپے روپے کی امداد کی جاچکی ہے اور بڑی تیزی سے امداد کا عمل جاری ہے، آئندہ دنوں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت موبائل طبّی امداد اور ڈسپنسریاں کا شروع کردیں گی جو جانوروں کو علاج کی سہولیات فراہم کریں گی۔۔ان خیالات کا اظہار ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے ملتان زونل کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ ملتان پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔ایک سوال کے جواب میں افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت ہی متحدہ کا منشور اور نصیب العین ہے یہی وجہ ہے کہ پہلے دن سے سیلاب سے متاثرہ علاقوں ایم کیو ایم کے کارکنان امدادی کاروائیوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک محترم الطاف حسین نے پچاس لاکھ متاثرین سیلاب کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سیلاب ریلیف فنڈ میں جمع کرائے ہیں اور حق پرست نمائندوں، ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سمیت حق پرست عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ عطیات سیلاب زدگان فنڈ میں جمع کروائیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے ملک بھر میں قائم ایم کیو ایم کے تمام دفاتر میں تنظیمی کام روک کر تمام دفاتر کو عارضی ریلیف کیمپوں میں تبدیل کردیا ہے۔ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں اس وقت 37 ڈسٹرکٹس میں متاثرین کیلئے کیمپ لگائے گئے ہیں جہاں امداد جمع کی جارہی ہے جبکہ گزشتہ دنوں ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست نمائندوں کے ہمراہ متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا تھا اور وہاں پر موجود متاثرین کی موقع پر مدد کی، پنجاب میں امدادی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں اور اس سلسلے میں صرف پنجاب میں کروڑ روپے کی امداد متاثرین میں تقسیم کی جاچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین سیاست برائے سیاست نہیں بلکہ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتے ہیں جس کی مثالیں ماضی میں قدرتی آفات سے ہونے والی تباہ کاریاں ہیں جس میں ایم کیو ایم کے کارکنان اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار اپنے قائد کے ایک حکم پر لبیک کہتے ہوئے ہر قدرتی آفت سے متاثرہ عوام کی خدمت کیلئے پیش پیش رہے ہیں۔افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل ، مذہب وزبان کے ہر قسم کی قدرتی آفات میں خدمت پر یقین رکھتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ وطن عزیز میں یا وطن سے باہر عوام کو جب کبھی بھی مشکل گھڑی کا سامنا کرنا پڑا ہو جس میں ایران میں آنے والا بام زلزلہ، انڈونیشیا کا سونامی ہو اسی طرح پاکستان میں سندھ کے بدترین سیلاب ہو، تھر کی قحط سالی ہو، بلوچستان میں سیلاب ہو یا پھر کشمیر و دیگر علاقوں میں آنے والا تاریخ کا بدترین زلزلہ ہو متحدہ قومی موومنٹ نے ہر آفت کے متاثرین کدرد بانٹ کر یہ ثابت کردکھایا ہے کہ ایم کیو ایم ہی وہ واحد حق پرست جماعت ہے جو دکھی انسانیت کی ہر مشکل گھڑی میں بے لوث خدمت کرتی ہے اور خدمت کو اپنا انسانی ، دینی واخلاقی فریضہ سمجھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور اس کی عوام اس وقت تاریخ کے مشکل ترین دور سے گزر رہے ہیں صوبہ پنجاب ،صوبہ خیبر پختونخواہ، صوبہ بلوچستان اور صوبہ سندھ سیلاب کی تباہ کاریوں نے تقریباً دو کروڑ عوام کو متاثرین کیا، لاکھوں لوگ بے سروسامانی کی حالت میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، ہزاروں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوچکا ہے، ہزاروں لوگ لاپتہ ہیں، اربوں کھربوں روپے کی املاک کا نقصان ہوچکا ہے، سیلاب میں فیصلیں ، مال ومویشی سے بہہ گئے، کئی علاقوں میں سیلاب کے کھڑے پانی سے وبائی امراض بھی پھوٹ پڑے ہیں جن سے لاکھوں لوگ متاثر ہین، اس مشکل گھڑی میں یہ مصیبت زدہ لوگ ہماری اور آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے سیلاب کے آغاز پر سب سے پہلے 10 لاکھ روپے کا عطیہ کیا اور بعد میں مزید 40 لاکھ روپے کی امداد جمع کروائی یعنی مجموعی طور پر پچاس لاکھ روپے سیلاب زدگان فنڈ میں جمع کرائے اور ملک بھر میں امدادی کیمپ لگانے کے ساتھ ساتھ ایم کیو ایم کے تمام دفاتر کو ریلیف کیمپس میں منتقل کرنے کے احکامات دیئے جس کے تحت سیلاب زدہ علاقوں میں فوری طور پر کیمپ قائم کرکے سیلاب زدگان کو امدادی وطبّی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ایم کیو ایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار اپنے ذمہ داران کے ہمراہ سب سے پہلے سیلاب زدہ علاقوں میں پہنچے اور آج تک وہاں موجود ہیں اور اس وقت تک وہاں رہیں گے جب تک ایک ایک سیلاب زدہ اپنے گھر کو نہیں چلا جائے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ملک بھر کی عوام نے دل کھول کر خدمت خلق فاؤنڈیشن میں عطیات اور غذائی اجناس جمع کروائی ہیں۔افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کراچی سے بذریعہ ٹرین اور ٹرکوں کے کروڑوں روپے کا امدادی اور طبّی سامان ملتان کے سیلاب سے متاثرہ اضلاع ،ڈیرہ غازی خان ، راجن پور، لیہ، مظفر گڑھ، اور رحیم یار خان میں تقسیم کیا گیا۔اس کے علاوہ ملتان زون میں کے مختلف اضلاع

میں لگائے کیمپوں سے امدادی سامان سیلاب زدگان میں روزانہ کی بنیادوں پر تقسیم کیا جارہا ہے دیگر یہ کہ ایم کیو ایم یس متعلقہ وزارت او پی ایف کے تعاون سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کے کیمپس، خیمہ، بستیاں ملتان (ولایت آباد) مظفر گڑھ (محمود کوٹ) ڈیرہ غازی خان (سیمنٹ فیکٹری موڑ) پر قائم ہیں۔ان کیمپوں سے بھی ہزاروں متاثرین کی مدد کی جاری ہے۔ہم آپ کے علم میں یہ بات بھی لانا چاہتے ہیں کہ ایم کیو ایم لاہور زون اوراس کے چھ اضلاع گوجرانوالہ اوراس کے چار اضلاع اور فیصل آباد  زون کے پانچ اضلاع میں لگائے امدادی کیمپوں میں جمع کیا گیا امدادی سامان بھی ملتان کے سیلاب زدگان کی مدد کے لئے تقسیم کرنے عمل جاری ہے۔اسی طرح ایم کیو ایم راولپنڈی زون سمیت نو اضلاع میں لگائے امدادی کیمپس پر جمع ہونے والا سامان خوشاب، بھکر، میانوالی اور منڈی بہاؤالدین میں سیلاب زدگان کی مدد کے لئے تقسیم کے جارہا ہے جبکہ بہت جلد خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے موبائل طبّی امداد، ڈسپنسری اور جانوروں کو علاج کی سہولیات فراہم کرنے کا آغاز بھی کیا جائیگا۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔27، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 63 کے کارکن اور سابق حق پرست کونسلر انور عالم کی ہمشیرہ محترمہ رقیہ بیگم، محمود آباد سیکٹر یوسی B-4 کے کارکنان اویس اور رمیز سے انکے والد محمد ارشاد خان، کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن زاہد حسین کے والد فدا حسین، نیو کراچی سیکٹر یونٹ 135/A کے کارکن الطاف قریشی کے والد عابد علی قریشی اور ایم کیو ایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی سائٹ سیکٹر یونٹ 9/A کے کارکن عبدالرحمان کی والدہ محترمہ نور مرجا نکے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور  دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆